ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 میں بچوں میں کینسر اور چھاتی کے سرطان کے دن منائے جائیں گے

- ایونٹ کی آن لائن ٹکٹ کرکٹ ڈاٹ بک می ڈاٹ پی کے اور ایم اینڈ پی اسٹورز سے خریدی جاسکتی ہیں
- ایونٹ کا درست نام "ایچ بی ایل پی ایس ایل" ہے۔ تمام میڈیا ہاؤسز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے نیوز بلیٹنز، ہیڈلائنز اور تحریروں میں ایونٹ کا درست اور مکمل نام استعمال کریں

کراچی، 25 جنوری 2022ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 7 میں بچوں میں کینسر اور چھاتی کے سرطان سے آگاہی کے دن منانے کا اعلان کیا ہے۔ ایونٹ 27 جنوری سے 27 فروری تک نیشنل اسٹیڈیم کراچی اور قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلا جائے گا۔

چھاتی کے سرطان کے مرض سے آگاہی کی مناسبت سے 4 فروری کو نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں پنک ربن ڈے منایا جائے گا۔ اس روز کراچی کنگز اور پشاور زلمی کی ٹیمیں مدمقابل آئیں گی۔ دونوں ٹیموں کے کھلاڑی اس روز گلابی رنگ کی ٹوپیاں پہنیں گے۔

اسی طرح 15 فروری کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں گولڈن ربن ڈے منایا جائے گا، جہاں پشاور زلمی اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیمیں مدمقابل ہوں گی۔ اس روز کینسر میں مبتلا 2 بچوں کو کوئٹہ گلیڈی ایٹرز اور پشاور زلمی کی دستخط شدہ شرٹس بطور تحفہ دی جائیں گی۔

پنک ڈے پر نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں لگی اسٹمپس کو پنک اور گولڈن ربن ڈے پر قذافی اسٹیڈیم لاہور میں لگی اسٹمپس کو گولڈن رنگ میں رنگا جائے گا۔

ان دونوں روز، اسٹیڈیم میں نصب بڑی سکرینز پر مرض کی آگاہی سے متعلق پیغامات نشر کیے جائیں گے۔ کمنٹیٹرز بھی کمنٹری کے دوران اس روز کی مناسبت سے گفتگو کریں گے۔

سلمان نصیر، چیف آپریٹنگ آفیسر پی سی بی:

چیف آپریٹنگ آفیسر پی سی بی سلمان نصیر کا کہنا ہے کہ ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کا شمار دنیا کی چند مقبول ترین لیگز میں ہوتا ہے، لہٰذا اہم اپنی معاشری ذمہ داری کو سمجھتے ہوئے ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 میں بچوں میں کینسر اور چھاتی کے سرطان سے متعلق آگاہی فراہم کریں گے۔

سلمان نصیر نے کہا کہ کرکٹ اس ملک کا مقبول ترین کھیل ہے، جو پوری قوم کو متحد کر دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی سی بی مستقبل میں بھی ایسے اقدامات کرتا رہے گا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager
Media and Communications